Now there is no room for dialogue at all. But if you think that you can browbeat, cowsdown, like sending in jails it will not work. And today there is the statement of the Governor of Sindh in the evening papers in Karachi in which he has said that I will try the Opposition in Special Courts. I have the newspaper, how can it be denied when it has been printed in today's Eveningers. I would like to make this offer to the Governor of Sindh on behalf of all the GDA members and the parliamentarians and particularly Senators, we are ready to be tried in your Special Courts and Special Tribunals.

Mr. Presiding Officer: Mr. Shafqat Mehmood first.

(interruption)

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: Debate نہیں ہو رہی ہے۔ point of orders raise ہو رہے ہیں۔ yes please.

جناب شفقت محمود: جناب چیئرمین! میں آپ کا شکر گزار ہوں۔

(مداخلت)

جناب شفقت محمود: جناب چیئرمین! خواجہ صاحب کو خدا کا واسطہ۔ ان کو یا وزیر بنا دیں یا بٹھا دیں۔ ایک کام تو کریں ناں۔ تب تک ان کو چین نہیں آئے گا۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: خواجہ صاحب، تشریف رکھئے۔ عرض یہ ہے کہ اگر اسی معاملے پر یہ بولنا چاہتے ہیں۔ تو بول دیں پھر چوہدری صاحب فرما دیں گے۔ شفقت محمود صاحب، آپ اسی معاملے پر بولنا چاہتے ہیں۔

جناب شفقت محمود: جناب چیئرمین! میں کسی اور بہت اہم ایشو پر بولنا چاہتا

ہوں۔

Mr. Presiding Officer: Mr. Rizvi.

یہ points of order کا آدھا گھنٹہ ہے اور بہت سا وقت رضا ربانی صاحب نے لے لیا ہے ۔ آپ مختصر فرمائیے گا۔

جناب مصطفیٰ کمال رضوی ۔ جناب چیئرمین صاحب ! دیکھیں ، میں نے privilege motion بھی move کیا تھا ،

I will also talk on the issue. Thank you very much anyway for giving me the floor.

Mr. Presiding Officer: Yes, please go on. No interruption.

(interruption)

Mr. Presiding Officer: Order please.

Mr. Mustafa Kamal Rizvi: He is a very good advocate on behalf of the Government. I am sure in the next time he is being considered as Minister over here.

Mr. Presiding Officer: Please address the Chair.

شروع کیجیئے ، وقت بہت کم ہے۔

جناب مصطفیٰ کمال رضوی۔ شکریہ۔ موقع تو دیں۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر۔ شروع کیجیئے۔ آپ تمہید نہ باندھیئے۔ شروع کیجیئے۔

جناب مصطفیٰ کمال رضوی۔ اگر آپ خاموش ہوں گے۔

then I will start.

جناب پریذائیڈنگ آفیسر۔ نہیں۔ میں آپ سے عرض کروں گا کہ یہ بات غلط ہے۔

and you have no right to say like that. Please carry on with your speech. No interruption. Again interruption. Let there be interruption first and nobody should make a speech. Yes please.

جنابِ مصطفیٰ کمال رضوی۔ شکریہ جناب چیئرمین صاحب۔ میں ایک واقعہ کے بارے میں تذکرہ کرنا چاہتا ہوں جو کہ کل رات کو ایک بجے پیش آیا ہے۔ جناب! DSP Ch. Aslam جو کہ وہاں کے DSP ہیں، رات کی تاریکی میں ایک بجے میرے گھر پر تشریف لائے۔

He was accompanied by another person. They were both in plain clothes.

انہوں نے میرے نوکروں کو باہر بلوایا اور میرے بارے میں پتا کیا۔ انہوں نے کہا کہ

I am also out of Karachi. I am in Multan and there was a GDS rally there.

اس نے کہا کہ کیا وہ وہاں بھاگ گیا یا

has he run away and he literally started abusing me Mr. Chairman, sir.

اور abuses کے ساتھ انہوں نے یہ کہا کہ انہیں کہیں کہ جب وہ آئیں تو میرے پاس حاضر ہوں۔ جناب عالی! ایک DSP رات کی تاریکی میں ایک سینیٹر کے گھر آتا ہے اور اس قسم کی abusive language استعمال کرتا ہے

and he said that has he run away.

چیئرمین صاحب! میں آپ کو یہ بتاتا چلوں کہ ہم بھاگنے والوں میں سے نہیں ہیں۔ جن کے آباء و اجداد نے یہ ملک بنایا وہ بھاگ کر نہیں جائیں گے۔

They are very much here and they will make sure that people who are

committing atrocities in this country do go away from here.

جناب چیئرمین صاحب! میں آپ کو یہ بتاتا چلوں کہ یہ صرف ایک سینیٹر مصطفی کمال ہے

and he is from a political party which is the third largest party of Pakistan.

یہ صرف میرے ساتھ نہیں بلکہ اس ہاؤس کے ساتھ ہوا ہے۔ جناب والا! اس ہاؤس کا privilege مجروح ہوا ہے۔

This can happen to you also, Mr. Chairman, tomorrow because you are also a Senator and

یہ same طریقہ کار۔ آپ کے ساتھ بھی ہو سکتا ہے اور کسی اور سینیٹر کے ساتھ بھی ہو سکتا ہے۔ میں آپ کو یہ بتاتا چلوں کہ یہ واقعہ صرف میرے ساتھ ہی نہیں ہوا

but since last week the same thing is continuing. Dr. Farooq Sattar who is a leader on our party's behalf in the provincial assembly

ان کے ساتھ بھی اسی قسم کے واقعات ان کے گھر پر پیش آئے ہیں۔ انہیں بھی threats دی گئیں اور abusive language استعمال کی گئی۔ جناب! اس قسم کے حربے استعمال ہو رہے ہیں، مجھے سمجھ نہیں آ رہی کہ چوہدری صاحب

where he is getting his powers from. Qutabuddin Sahib is very happy

کہ ٹھیک ہے ہمارے ایک Senator کے ساتھ۔

He is smiling away. I can see a smile on his face

مگر یہ چیز ان کے ساتھ بھی ہو سکتی ہے۔

(interruption)

Mr. Presiding Officer: Order please.

جناب مصطفی کمال رضوی۔ جناب چیئرمین! میں آپ کو یہ بتاتا

چلوں کہ جس طریقے سے سندھ صوبے کی political parties کو مرعوب اور محصور کر کے رکھا گیا ہے، یہ compression 1971 کی طرف لے کر جا رہا ہے۔ Right of speech whatever democracy prevails, whatever democracy says جناب عالی! compression کے تحت وہاں کی آواز، وہاں کی آبادی کو completely محصور کر کے رکھ دیا ہے۔

There is no freedom of speech. There is no freedom of protest.

اگر آپ protest کرتے ہیں تو آپ پر Section 144 لاگو کر کے جیلیں بھر دی جاتی ہیں۔ جس طرح اس ملک کو بنانے والی ماؤں کو بالوں سے کھینچ کھینچ کر جیلوں میں بند کیا گیا۔ The whole international media had covered that Mr. Chairman. کہ عورتوں کو باقاعدہ بالوں سے کھینچا گیا all of the prisons were full of women.

جناب عالی! میں آپ کو بتاتا چلوں کہ کل I was in the rally in Multan اور میں یہ دیکھ کر بہت حیران تھا کہ وہاں سے بھی ہمارے لیڈران جتنے GDA کے ہیں، arrest ہوں گے۔ اسی طریقے سے ہمیں arrest کر کے بند کیا جائے گا۔ میں یہ کہتا ہوں کہ the whole thing was very peaceful بالکل آرام سے، نہ کوئی پولیس تھی، نہ علاقے کو محصور کیا گیا اور جس طریقے سے comparison show کیا گیا between 'Sindh and Punjab یہ بہت clear signal ہے to the world کہ سندھ کو محروم کر کے رکھا جا رہا ہے۔ ان کی آوازیں دبائی جا رہی ہیں۔ لوگوں کو دھمکایا جارہا ہے اور یہ جو بھی بچے ہیں جو ان لوگوں نے رکھے ہوئے ہیں یہ رات کی تاریکی میں آ کر دھمکاتے ہیں۔ جناب! میں آپ کو یہ کہنا چاہ رہا ہوں کہ وقت.....

(مداخلت)

Mr. Mustafa Kamal Rizvi: Qutabuddin Sahib, you will get a chance to speak. If you want to speak, then Chairman will give you.......

Mr. Presiding Officer: No running commentary please.

(مداخلت)

جناب مصطفیٰ کمال رضوی۔ جناب چیئرمین صاحب! آپ ان کو بٹھائیں۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر۔ خواجہ صاحب تشریف رکھیئے۔

No cross talk please.

جناب مصطفیٰ کمال رضوی۔ جناب عالی! اگر یہ ہماری آواز کو نہیں دبائیں گے تو اور کون دبائے گا۔ جناب میں آپ کو یہ بتاتا چلوں کہ our head quarter nine zero was totally cordoned off before the 25th rally وہاں SHO کے اپنی گاڑیوں میں اسلحہ کے ساتھ سارا دن اور رات گھومتے رہے۔ انہوں نے فاروق ستار کا بھی پوچھا اور دوسرے لیڈران کا بھی پوچھا کہ Are they inside conducting meetings or they have run away? I mean you cannot even allow to conduct meetings in your head quarters, I mean if you are planning about rally and we are talking about different issues. I mean what that has got to do, it is a democratic process. آپ کو پورا international media اس وقت چلا کر کہہ رہا ہے کہ democracy should be given a chance in this country آپ democracy کی آواز کو محروم کر کے نہ رکھیں ' I don't know why they should not...

Mr. Presiding Officer: Please conclude now.

جناب مصطفیٰ کمال رضوی۔ جناب چیئرمین! میں یہ کہنا چاہوں گا کہ جس طریقے سے یہ رات کی تاریکی میں میرے گھر پر تشریف لائے ہیں۔ یہاں چوہدری شجاعت صاحب بیٹھے ہیں ۔ I have also moved the privilege motion, he should be called in front of the House .He should be tried and should be taken to

task کہ کس طریقے سے یہ کسی سینیٹر کے گھر پر جا کر رات کی تاریکی میں دھمکیاں دیں اور کہیں بھاگیں اور دوسری abusive languages استعمال کریں۔

What ever the rule say this should not be let loose.

Mr. Presiding Officer: Minister for Foreign Affairs now.

پھر میں یہ عرض کروں کہ debate ہو گی یہ تو پھر point of order نہیں ہے۔ عرض یہ ہے کہ آپ طے کر لیں کہ اس پر ایک دن بحث کرنی ہے لیکن یہ نہیں point of order پر بحث شروع ہو جائے۔

(مداخلت)

جناب پریذائیڈنگ آفیسر۔ دونوں لیڈر صاحبان agree کریں اور ایک دن پورا آپ رکھ لیں۔ no objection, please sit down.

(مداخلت)

Mr. Presiding Officer: Everybody sit now. Leader of the Opposition. I give floor to the Leader of the Opposition.

چوہدری اعتزاز احسن، جناب چیئرمین! سلسلہ یہ ہے کہ ہمارے ساتھ جو ممبران بیٹھے ہیں وہ آپ کے بھی ساتھی ہیں اور میرے بھی ۔ اور جو میرے فاضل ممبران ادھر بیٹھے ہوئے ہیں ان کے بھی colleagues ہیں۔ اور واقعتاً جو سلوک ہوا ہے اور ظاہر ہے یہ سب فرداً فرداً بتانا چاہتے ہیں ۔ سندھ کی حکومت جو براہ راست اس وقت وفاق کی حکومت ہے اس نے جس طرح ان کو گرفتار کیا ہے پھر حراست میں رکھا ہے ۔ جس قسم کا تضحیک آمیز سلوک کیا گیا ہے سنیٹرز کے ساتھ یہ بحث ہو یا نہ ہو ہر ایک کا حق ہے ۔ ابھی رضوی صاحب نے اپنی داستان بتائی ہے ۔ تھوڑا سا چانڈیو صاحب نے بھی بتایا ہے ۔ لیکن ان کے ساتھ بھی واقعات ہوئے ہیں ۔ رضا صاحب بتا چکے ہیں لیکن قائم علی شاہ صاحب گرفتار ہوئے ہیں ، تاج حیدر صاحب گرفتار ہوئے ہیں

پھر میرے خیال میں اس معاملے پر خٹک صاحب بھی کچھ بات بتانا چاہتے ہیں ۔

جناب ملتان میں '۔۔۔۔ پنجاب میں '' میں پنجابی ہوں آپ پنجابی ہیں لیکن پنجاب میں ملتان میں ریلی ہوتی ہے دور دور تو روکا گیا ہے ۔ ڈی جی خان والوں کو آنے سے روکا گیا ہے ۔ خواتین کے جلوس کو روکا گیا ہے ۔ پر وہ ریلی تو چلتی رہی ہے ۔ یہ سندھ کے ساتھ کیوں ایسا سلوک ہو رہا ہے۔ غوث علی شاہ صاحب کو اور مقبول رانا صاحب کو کیا اختیار دے دیا گیا ہے ' کیا وجہ ہے ہم بھی سوچتے ہیں' ہم پنجابی ہو کے بھی سوچتے ہیں لیکن ان دوستوں ' ان بھائیوں کے ساتھ یہ واقعات کیوں ہوئے ۔ ابھی نسرین جلیل صاحبہ اور آفتاب شیخ صاحب یہاں پہنچ نہیں سکے ۔ میں نے بھی ان کے لئے پروڈکشن آرڈر کی درخواست کی تھی ۔ سنا ہے وہ رہا ہوگئے ہیں ۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر، اس کے بعد آپ فرمائیں ۔ صرف ایک منٹ میری عرض سن لیں ۔ کہ چیئرمین صاحب نے جو یہاں میرے لئے لکھا ہے after half an hour of the points of order یہ آپ کی adjustments ہیں ان کے ساتھ لیڈروں کی۔ میں اس میں شامل نہیں ہوں۔ یہ چیئرمین صاحب کی اور آپ لیڈر صاحبان کی discussion ہوئی ہے کہ آدھا گھنٹہ دیا جائے points of order پر اس کے بعد افغانستان پر بحث ہوگی۔ میں تو اس کو follow کر رہا ہوں ۔ آپ کے فیصلے کو۔

چوہدری اعتزاز احسن، افغانستان پر ہم بحث کرنا چاہتے ہیں ۔ بڑا اہم معاملہ ہے جناب۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر، جو فیصلہ وہاں آپ کرکے آئے ہیں وہ مجھے بتایا گیا ہے ۔

چوہدری اعتزاز احسن، جناب اس میں گزارش یہ ہے کہ اس میں جو ہمارے سینیٹرز ابھی گرفتاری کے اس مرحلے سے گزر کر آئے ہیں ان کی بات ہم نے ضرور سننی ہے ۔ یہ طے ہوا تھا۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: آپ یہ طے کر لیتے کہ سارا دن آج اس پر بحث ہوگی۔ آپ نے افغانستان کا ایشو بھی رکھا ہے۔ سوا آٹھ ہو چکے ہیں۔ آدھا گھنٹہ آپ نے اس پر لگا دیا ہے۔

چوہدری اعتزاز احسن: ان کی آواز وہاں کراچی میں اور نواب شاہ میں، پورے سندھ میں بھی یہ بات نہیں کرسکتے یہاں بھی اگر بات نہ کرسکیں گے تو ہم کہاں پیغام دیں گے۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: فیصلہ کچھ اور آپ نے فرمایا۔ ہاؤس میں کارروائی کچھ اور ہو رہی ہے۔ میں تو صرف یہ عرض کروں گا کہ جو آپ فیصلہ فرماتے ہیں لیڈر صاحبان اس پر strictly عمل کرتے ہیں۔

چوہدری اعتزاز احسن: آدھے گھنٹے کی بات مجھے کوئی یاد نہیں ہے کہ بات ہوئی ہے۔ لیکن یہ ان کا حکم ضرور ہوگا۔ لیکن یہ ایسی کوئی ruling بھی نہیں آئی کہ آدھا گھنٹہ ہے یہاں ہاؤس میں اگر انہوں یہ سمجھ لیا اور ہم یہ سمجھتے ہیں کہ یہ کوئی agreement کا حصہ نہیں تھا۔ لیکن یہ تھا کہ جو رضا صاحب نے وہاں بات کی تھی جو سینیٹرز گرفتار ہوئے اور وہ اپنی یہاں کوئی بات کرتے ہیں جو نہیں کرنا چاہتے بے شک نہ کریں۔ لیکن جو بات کرنا چاہتے ہیں ان کو موقعہ دیا جائے۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: پھر افغانستان کے ایشو پر آج بحث نہیں ہوسکے گی۔ جو آپ طے کرکے آئے ہیں۔

چوہدری اعتزاز احسن: وہ کرنی ہے۔ شاہ صاحب ہماری طرف سے debate کو open کریں گے۔ لیکن پانچ پانچ منٹ آپ ان کو ذرا دے دیں یہ بات کرلیں۔ اس کے بعد چوہدری صاحب ساری بات کرلیں گے۔ تاج حیدر صاحب، چانڈیو صاحب اور شاہ صاحب ان کو پانچ منٹ دے دیں۔ شکریہ۔

Mr. Presiding Officer: All right. First Chandio Sahib.

جناب غلام قادر چانڈیو، شکریہ جناب چیئرمین صاحب! آپ ہماری بات تو سنیں کیونکہ پانچ منٹ میں تو ہماری بات مکمل نہیں ہوگی۔ میں کوشش کروں گا کہ پانچ منٹ میں بات کو ختم کروں۔ لیکن جو زیادتی ہمارے ساتھ ہوئی ہے وہ پانچ منٹ کی بات نہیں ہوتی ۔ جناب والا! اصل مسئلہ تو سب دوستوں نے یہاں پر بتایا کہ اس ملک میں دو قانون ہیں ۔ ایک صوبے میں ایک قانون اور دوسرے صوبے دوسرا قانون ۔ چلو اس سب کو ہم نے مان لیا ۔ مگر یہ سلسلہ اس مہینے میں شروع ہوا ہے ۔

چار ستمبر کو جو ہڑتال ہوئی تھی وہ بڑی کامیاب رہی اور اس کے نتیجے میں میرے گھر پر بھی محاصرہ کیا گیا ، میں یہ بات صرف ریکارڈ پر رکھنا چاہتا ہوں کہ جنگ کراچی ، 8 ستمبر کا اخبار ہے۔ "رکن سندھ اسمبلی سمیت متحدہ اور پی پی پی کے مزید سینکڑوں کارکن گرفتار" میں بات کو آگے بڑھاؤں گا۔

" نواب شاہ میں سینیٹر غلام قادر چانڈیو کے گھروں کا محاصرہ کیا گیا ، مطلوبہ شخص نہ ملنے پر پولیس اہلکاروں نے اہل خانہ کو دھمکیاں دیں اور قریبی عزیزوں کو پکڑا گیا "۔ یہ ایک بات ہے۔

جناب چیئرمین ! اس کے بعد 12 ستمبر کو حیدر آباد میں ہم نے protest کا ایک پروگرام رکھا تھا جو ہمارا آئینی اور جمہوری حق ہے مگر آپ یقین کریں کہ حیدر آباد کو جس طرح seal کیا گیا اس کی مثال میں نے اپنی زندگی میں نہیں دیکھی۔ ویسے تو سینکڑوں کارکن گرفتار ہوئے ، میرے ضلع کے 80افراد گرفتار ہوئے جس کی لسٹ میرے سامنے ہے ، اس میں 17 عورتیں گرفتار کی گئیں اور افسوس کی بات یہ ہے کہ ان میں دو تین بچیاں جو تقریباً چھ سال کی تھیں اور ایک بچہ چار سال کا بھی تھا ان کو بھی ان لوگوں نے arrest کیا یہ ہمارے ملک کی جمہوریت کا حال ہے جس پر اب ہم چل رہے ہیں۔

اسی طرح 25 تاریخ کو جو کراچی میں ہوا وہ بھی سب کے سامنے ہے اور

parliamentarians کے اوپر جتنا تشدد کیا جا رہا ہے اور ہم آئندہ بھی یہ عمل دہراتے رہیں گے مگر 27 تاریخ کو ہم نے protest کیا جو ہمارا آئینی اورجمہوری حق ہے ، جس وقت ہم نے rally نکالی تو وہاں پر ڈی ایس پی اور ایس ایچ او پہنچے اور مجھے کہا گیا کہ آپ rally نہیں نکال سکتے۔ میں نے کہا کہ یہ میرا آئینی حق ہے ، میں نکال سکتا ہوں تو بغیر permission of the Magistrate وہاں پر جو سینکڑوں لوگ جمع تھے ، پولیس نے لاٹھی چارج کیا وہ بھی اتنی تشدد کے ساتھ کہ میرے تقریباً 25 ورکرز وہاں پر زخمی ہوئے ہیں ، مجھے آدھے گھنٹے تک یہ پولیس والے پکڑ کر روڈ پر گھسیٹتے رہے اور یہ ایک پارلیمنٹ کے رکن کے ساتھ مذاق ہو رہا تھا اور نواب شاہ کے ہزاروں لوگ مجھے دیکھ رہے تھے۔ جناب والا ! یہ بات کوئی بڑی نہیں ہے کیوں کہ ہم ان مرحلوں سے گزرے ہوئے ہیں ۔ کون اس بات کو جھٹلا سکتا ہے ہر اخبار نے اس بات کو نوٹ کیا ہے کہ ملک کے پارلیمنٹ کے ممبر کے ساتھ یہ سلوک ہو رہا ہے۔ اس کے بعد جو ladies پر تشدد کیا گیا اس کی تو مثال ہی نہیں ملتی ، ان کو سڑکوں پر گرایا گیا اور ان کی عزت کا کوئی خیال نہیں کیا گیا۔

جناب والا ! جب مجھے arrest کیا گیا ---، میں نے یہاں point of order پر تو بات نہیں کی ۔ جب یہاں سے message ملا کہ باقی تو سینیٹر گرفتار ہوئے ہیں لیکن مجھے معلوم نہیں میرا message نہیں ملا ، میرے پاس یہ کاپی تھی اور اس پر بھی وزیر صاحب نے کوئی بیان نہیں دیا۔ چلو کوئی بات نہیں۔ مجھے گرفتار کر کے لے گئے ، عام قیدیوں کے ساتھ آٹھ گھنٹے تک بند کر کے وہاں رکھا گیا۔

جناب چیئرمین ! میں قسم کھا کر کہتا ہوں کہ اگر سیاسی قیدی ہیں تو مجھے اعتراض نہیں مگر عام جو criminal قیدی تھے ان کے ساتھ وہاں پر مجھے treat کیا گیا ، پانچ گھنٹے تک مجھے پانی تک نہیں دیا گیا۔ پانچ گھنٹے تک مجھے کسی سے ملاقات نہیں کرنے دی گئی ۔ رات کو مجھے فرش پر بٹھایا گیا اور فرش پر سلایا گیا ہے اور کوئی چیز

مجھے allow نہیں کی گئی' یہ بڑے افسوس کی بات ہے ' صبح دس بجے مجسٹریٹ کے پاس لے کر جاتے ہیں۔ جناب چیئرمین اگر اس طرح سے یہ سلسلہ چلے گا تو پھر کوئی نہیں بچے گا ہم سیاسی ورکرز ہیں اور خاص طور پر سندھ کے لوگوں نے اور باقی جو چھوٹے صوبے ہیں انہوں نے جمہوریت کے لئے بڑی قربانیاں دی ہیں۔ ہم صرفیہ بات یہاں پر صرف ریکارڈ کے لئے رکھتے ہیں تاکہ لوگوں کو پتہ چلے کہ سندھ کے ساتھ موجودہ حکومت جو رویہ روا رکھے ہوئے ہے یہ کوئی اچھا message نہیں ہے۔ اس لئے ہمیں ان سے کوئی توقع نہیں ہے۔ اس لئے نہ تو ہم اپنا کوئی privilege motion move کر رہے ہیں اور نہ کوئی اور چیز move کر رہے ہیں۔ صرف یہ بات ریکارڈ پر لانا چاہتے ہیں کہ اس ملک کے ساتھ جو ہو رہا ہے وہ سب لوگ سنیں اور سب کو پتہ چل جائے۔

Mr. Presiding Officer: Mr. Taj Haider now.

جناب تاج حیدر: شکریہ جناب چیئرمین! میرے ساتھ جو کچھ ہوا میں اس کی شکایت نہیں کروں گا' میں وہاں پارٹی کا صدر ہوں۔ جو میرے کارکنوں کے ساتھ اور خاص طور پر جو خواتین کے ساتھ ہو رہا ہے وہ اگر میرے ساتھ بھی ہوتا ہے تو مجھے بخوشی قبول ہے۔ میں آپ کی توجہ دلاؤں گا کہ جو حکومت کی طرف سے کوشش کی جا رہی ہے' سندھ کے اندر ایک violence بڑھانے کی' پر تشدد کارروائیوں کی اور سندھ کے اندر ایک civil war کی position لانے کی۔

جناب عالی! ہم نے کبھی اس چیز کو راز نہیں رکھا۔

Mr. Presiding Officer: Order please, order please. We should be very serious while sitting in the House.

جناب تاج حیدر: جناب عالی! ہم نے' اپوزیشن نے ہمیشہ وضاحت کے ساتھ یہ بات کہی ہے اور بالخصوص پاکستان پیپلز پارٹی نے کے ہم اس حکومت کا استعفیٰ طلب کر رہے ہیں اور تبدیلی چاہتے ہیں ملک کے اندر۔ But, sir, with all the emphasis

on my command I should point out that the change has to be peaceful and has to be democratic. پاکستان پیپلز پارٹی یا متحدہ اپوزیشن اس تبدیلی کے سلسلے میں اور اس احتجاج کے سلسلے میں کسی پر تشدد کی کارروائی کی حمایت نہیں کرتی۔ یہ سندھ کی حکومت ہے جو کہ تشدد کو وہاں پر فروغ دے رہی ہے۔ چار اگست کو ہم نے کراچی کی ایک تاریخی ریلی نکالی جو کہ کراچی کی تاریخ کی سب سے بڑی ریلی تھی۔ یہ ٹاور سے مزار قائد اعظم تک تھی۔ مجھے فخر ہے اور اس لئے اور فخر ہے کہ اس ریلی کا اہتمام میں نے کیا تھا کہ اخباروں نے یہ لکھا کہ راستے میں تمام دکانیں اور تمام مارکیٹیں کھلی ہوئی تھیں۔ اور دکاندار اپنی دکانوں اور اپنی مارکیٹوں سے نکل کر باہر فٹ پاتھ پر کھڑے ہو کر ریلی کو greet کر رہے تھے۔ یہ ہوتی ہے پر امن جدوجہد' یہ ہوتا ہے عدم تشدد۔

جناب عالی! 25 اگست کو کراچی پریس کلب کے سامنے ہم نے بھوک ہڑتال کی اور جس کے بارے میں پھر ایک دفعہ تمام اخبارات نے لکھا کہ اس سے بڑی بھوک ہڑتال کراچی کے اندر نہیں ہوئی تھی۔ پر امن وہاں پر ہم بیٹھے رہے' تمام administration کے لوگ وہاں پر رہے۔ Administration والے ہمارے کیمپ کے اندر آتے رہے۔ بات ہوتی رہی۔ جس وقت ہماری hunger strike ختم ہوئی میں سب سے ہاتھ ملا کر administration کا شکریہ ادا کرکے میں اپنے گھر کو گیا۔ گیارہ بجے رات کو گرفتاریاں شروع ہوئیں اور 750 کارکن پاکستان پیپلز پارٹی کے گرفتار کر لئے گئے۔ سترہ لوگوں کو Terrorist Court کے اندر لایا گیا۔ Terrorist Court حیران ہوگیا اور اس نے پوچھا کہ یہ کیا terrorism کر رہے تھے ' یہ باہر بیٹھے ہوئے پر امن طور پر بھوک ہڑتال کر رہے تھے۔ تو کہا گیا کہ صاحب یہ خودکشی کرنے کی کوشش کر رہے تھے۔ جج نے کہا آپ مسلمان ہیں' پندرہ' سولہ گھنٹے کا روزہ رکھتے ہیں اور مہینے بھر تک روزہ رکھتے ہیں' آپ ہلاک نہیں ہوتے' یہ چھ گھنٹے کی بھوک ہڑتال کے اندر کیسے

ہلاک ہوجائیں گے۔ وہ کیس خارج کردیا گیا۔

اس کے بعد جناب عالی! چار ستمبر کی کال تھی ہڑتال کی۔ مسلسل پولیس جاکر دکانداروں کو دھمکیاں دیتی رہی کہ آپ نے چار ستمبر کو دکانیں کھولنی ہیں۔ اس کے بعد جناب عالی! ہوتا یہ ہے کہ جو ایڈوائزر ہیں وہاں کے وہ دھمکی دیتے ہیں کہ جناب چار ستمبر کو shoot at sight کا حکم۔ اخباروں کے اندر یہ دیا جاتا ہے کہ shoot at sight. آخر یہ کیا زبان ہے؟ آخر یہ کیا احکامات ہیں؟

Mr. Presiding Officer: Order please.

جناب تاج حیدر: یہ shoot at sight کی جو بات کی جا رہی ہے۔ یہ آخر کس طرف کو اشارہ کیا جا رہا ہے۔ Fortunately, sir, on the 4th of September, the strike was complete that there was nobody in the sight. The Government could not shoot at anybody. The strike was over. اور اس کے بعد اخبارات نے یہ لکھا کہ یہ کراچی کی تاریخ کی unique ہڑتال تھی جس کے اندر نہ کوئی پتھر پھینکا گیا، نہ کوئی ٹائر جلایا گیا۔ اس جیسی پر امن ہڑتال کراچی کی کبھی نہیں دیکھی گئی۔ اب یہ پھر گیارہ ستمبر کو حکومت physically roads کے اوپر آئی اور انہوں نے physically روکنے کی کوشش کی------

(interruption)

Mr. Presiding Officer: No interruption please. No, you have no right to interfere. Yes, please.

جناب تاج حیدر: جناب عالی! گیارہ تاریخ کو گورنمنٹ physically آجاتی ہے۔ ہم وہاں پر جلسہ کرنا چاہتے تھے جو کہ ایک پرامن جلسہ ہے اور پرامن جلسہ ختم ہونے کے بعد سب نے اپنے اپنے گھروں کو جانا ہے۔ وہاں پر ایک بہت بڑا آپریشن کیا جاتا ہے۔ وہاں پر خواتین کو گھسیٹا جاتا ہے، مارا جاتا ہے، لوگ گرفتار کئے جاتے

ہیں tear gassing کی جاتی ہے اور ہم سینیٹروں کو گرفتار کیا جاتا ہے۔ جناب عالی! یہ ایک پرامن کارروائی تھی لیکن اس کو تشدد کا رنگ دیا جاتا ہے۔

اس کے بعد پھر پچیس ستمبر کی کارروائی ہے۔ یہ پھر ایک پرامن ریلی، پرامن اجتماع ہے ۔ حکومت کے لوگ تین دن پہلے سے ایک ایک دوکان پر جا کر کہتے ہیں کہ جی اپوزیشن دکانوں کو بند کرانا چاہتی تھی۔ اپوزیشن دکانوں کو بند نہیں کرانا چاہتی تھی ، چار اگست کو ایک دکان بند بھی نہیں ہوئی تھی۔ گورنمنٹ گئی، مارکیٹوں میں ، دکانوں میں اور انہوں نے کہا کہ جی آپ بند رکھیں گے۔ انہوں نے کہا کہ اپوزیشن traffic disruption کرنا چاہتی تھی ۔ جناب عالی! وہاں پر ٹریفک درست کرنے کے تو دو فلائی اوور خود حکومت سندھ نے بنائے ہیں۔ آدھی سڑک پر ریلی جانی تھی، آدھی سڑک پر ٹریفک جانا تھا۔ دو گھنٹے کے اندر چھوٹا سا روٹ صاف ہو جانا تھا۔ حکومت نے کوئی دس مربع میل کا ایریا cordon off کیا۔ اس علاقے میں تمام regular movement کو روک دیا گیا۔ ٹینکر لا کر کھڑے کئے گئے۔ جس چیز کا ہم پر الزام لگایا جا رہا ہے، وہ حکومت خود کر رہی ہے۔ میں warn کرنا چاہتا ہوں اور اس ایوان کو یہ بتانا چاہتا ہوں کہ اپوزیشن اور پاکستان پیپلز پارٹی I will repeat sir, we want a change, but that change shall be democratic.

جناب پریذائیڈنگ آفیسر ، سید قائم علی شاہ ۔

Mr . Taj Haider: No violant method shall be used . If the Government which is resorting to violance.

اور اس کے نتائج خراب ہونگے۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر ، سید قائم علی شاہ ۔

سید قائم علی شاہ ، جناب! بڑے افسوس کے ساتھ کہنا پڑتا ہے کیونکہ شکایت تو ان سے کی جاتی ہے جو شکایت سنیں اور اس کا ازالہ کریں۔ یہ تو ہم امید نہیں

رکھتے اس لئے شکایت نہیں لیکن اس ہاؤس میں اپنا حق استعمال ضرور کرنا چاہتے ہیں۔ یہاں پر بہت سے events ہوئے ہیں' نہ میں گیارہ کا ذکر کروں گا' نہ چارتاریخ کا' صرف میں پچیس تاریخ کا ذکر کروں گا۔ یہ عجیب سی بات ہے کہ حکومت کا ایک آدمی جو نہ آئینی اختیار رکھتا ہے' نہ قانونی اختیار رکھتا ہے وہ کہتا ہے کہ یہ لوگ دفعہ 144 کی خلاف ورزی کرنا چاہتے تھے اسلئے ان کو پکڑا گیا ہے۔ اب جناب آپ بتائیں کہ attempt to murder تو ہوتا ہے ارادہ تو ہوتا ہے کہ یہ کوئی offence کریں لیکن 144 کس طرح سے اس زمرے میں آتی ہے کہ ان کی خلاف ورزی ابھی ہوئی ہی نہیں اور خلاف ورزی کرنے والے تھے ۔ اس لئے ان کو جرائم پیشہ لوگوں کی طرح treat کیا جائے سینیٹرز کو' ایم پی ایز کو ' ایم این اے کو ان کے گھروں پر پچیس کی رات کو' اندھیرے میں' ایک بجے ان کے گھروں پر چھاپے مارے جائیں تا کہ ان کو پکڑا جائے اوریہ گھروں پر موجود ہیں۔ چادر اور چاردیواری کی تو بات چھوڑ دیں۔ سینیٹرز کے گھروں پر ' ایم این ایز کے گھروں پر' ایم پی ایز کے گھروں پرچھاپے مارے گئے۔ یہ کس قسم کی حکومت اور کس قسم کا قانون ہے؟ کہتے ہیں کہ قانون اندھا ہوتا ہے۔ قانون اندھا نہیں ہے۔ قانون اگر اندھا ہوتا تو پھر یہ ملک نہیں چل سکتا تھا۔ آئین اگر اندھا ہوتا تو پھر یہ ملک نہیں چل سکتا تھا لیکن قانون کوچلانے والے اندھے ہیں یقیناً' قانون کو دیکھنے والے جاہل ہیں۔ اور پھر مثال آتی ہے کہ

جاہل کو اگر جہل کا انعام دیا جائے
اس حادثہ وقت کو کیا نام دیا جائے
پیمانے کی توہین ہے رندوں کی ہتک ہے
بے عقل کے ہاتھوں میں اگر جام دیا جائے

اگر انہیں عقل نہیں ہے تو ہم کیا کریں؟ ان کو بٹھایا ہوا ہے' وہ justify کرنا چاہتے ہیں' چاہے وہ آئی جی ہو یا وہ Advisor Sahib ہوں وہ تو justify کرنا چاہتے ہیں۔

Advisor Sahib کا عہدہ اور جو title ہے وہ تو ہے advise کرنا لیکن وہ advise نہیں کر رہے ۔ advise کرنا تو یہ ہے کہ کوئی اچھی بات بتائیں وزیر اعظم صاحب کو، کوئی اچھا مشورہ دیں۔ یہ مشورہ تو نہیں دیتے ، یہ تو اختیارات خود استعمال کرتے ہیں اور وہ اختیارات جو قانون میں انہیں حاصل نہیں ہیں انہیں استعمال کرنا چاہتے ہیں۔ جیسے میں نے عرض کیا جناب! کہ پوری رات چھاپے لگتے رہے، اتنا ڈرتی ہے سندھ حکومت یا مرکزی حکومت ہم چند سینیٹرز سے یا چند غریب لوگوں سے اور وہ اتنا بوکھلا گئے ہیں کہ وہ قانون کو اپنے ہاتھ میں لیتے ہیں، قانون کو اپنی لونڈی سمجھتے ہیں اور اسی طرح سے وہ استعمال کرنا چاہتے ہیں اور جناب اس دن تین بجے ہماری rally پچیس تاریخ کو ہونی تھی، تین بجے کا وقت دیا تھا، یہ بوکھلاہٹ تو رات کو ہی شروع ہو گئی تھی، یہ تو میں نے عرض کیا ہے اپنا اور اپنے چند دوستوں کا جن کے گھروں پر actually چھاپے مارے گئے لیکن باقی workers جو تھے جن میں کئی ایسے workers جن کا سیاست میں نہ کوئی نام ہے نہ کسی سے رابطہ ہے لیکن پولیس کو شاید ان پرغصہ تھا ، ان کے گھروں پر چھاپے مارے گئے ، ان کی گرفتاریاں کی گئیں اور سینکڑوں کی تعداد میں راتوں رات workers پکڑے گئے۔ جناب! دفعہ 144 کے لئے رات کو سینکڑوں آدمی پکڑے گئے اور جواز یہ دیا گیا کہ جناب یہ 144 کی breach کریں گے جس سے Karachi paralyse ہو جائے گا اور کراچی کی دکانیں بند ہو جائیں گی، کراچی کے راستے بند ہو جائیں گے، یہ لوگ ٹریفک میں رکاوٹ ڈالیں گے اسی لئے یہ سب کچھ انہوں نے کیا۔

جناب! انہوں نے کیا کیا کہ خود قانون کو ہاتھ میں لے لیا۔ wrongful restraint جو ہوتی ہے وہ گورنمنٹ کے لئے یا پولیس کے لئے نہیں ہو سکتی کہ انہوں نے پچیس تاریخ کی رات کو ہی دو بجے پورے علاقے کو گھیرے میں لے لیا۔ جناب! شان سینٹر کے چاروں طرف کوئی ایک ڈیڑھ میل کے اندر پولیس کھڑی ہو گئی ہزاروں

کی تعداد میں۔ میں تو کہتا ہوں کہ شاید پورے سندھ سے پولیس وہاں پر لائی گئی اور پتہ نہیں کہاں کہاں سے لائے۔ اتنی vans اور پولیس کے ٹرک اور پھر تیس چالیس تو پانی کے ٹینکر کھڑے کر دیئے۔ یہ اتنی تعداد میں لوگوں کی شرکت کو محسوس کر رہے تھے اس لئے انہوں نے پہلے ہی اس کو cordoned off کر دیا۔ جناب! جواز تو یہ دے رہے تھے کہ ہم ٹریفک بند کرنے والے تھے یا ہم دکانیں بند کروانے والے تھے یا امن میں خلل ڈالنا چاہتے تھے، انہوں نے خود یہ سارا کام کر دیا' انہوں نے ہمارا سارا کام آسان کر دیا کہ پورا علاقہ ۱۲ گھنٹے سے اٹھارہ گھنٹے تک بند تھا۔ posh area کلفٹن کا اور ڈیفنس کا پورا علاقہ پولیس نے خود بند کر دیا جیسے خود strike کر رہے ہوں۔ ہم پر تو اعتراض کرتے ہیں کہ یہ لوگ strike کرانے والے ہیں اور دکانیں بندکراتے ہیں انہوں نے خود بند کرا دیں۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: ایک منٹ قائم علی شاہ صاحب۔ میں نہایت مودبانہ گزارش کرنا چاہتا ہوں کہ جب کوئی صاحب تقریر فرما رہے ہوتے ہیں تو courtesy یہ demand کرتی ہے کہ انہیں سنا جائے اور اگر آپ نے کوئی بات چیت کرنی ہے یا کوئی کانفرنس کرنی ہے تو لابیز موجود ہیں وہاں جا سکتے ہیں۔ اس طرح سے ہاؤس کا وقار مجروح ہوتا ہے اور ہر دیکھنے والا بھی یہ محسوس کرتا ہے کہ شاید ممبران تقریروں میں تو interested نہیں ہیں لیکن اپنی گفتگو میں interested ہیں۔ اس لئے میں مودبانہ گزارش کروں گا کہ ایک تو ایک سیٹ سے دوسری سیٹ تک کم جایا جائے اور دوسری بات یہ ہے کہ توجہ سے سپیکر کو، جو بھی بول رہا ہو، سنا جائے۔ yes please.

سید قائم علی شاہ: میں عرض کر رہا تھا کہ کراچی کا یہ سارا پوش علاقہ اور یہ ایک ٹریڈ سینٹر بھی ہے اور اچھے اچھے لوگ' شرفاء رہتے ہیں۔ ویسے تو پورا ملک شرفاء سے بھرا ہوا ہے سوائے چند لوگوں کے لیکن عرض یہ ہے کہ انہوں نے خود strike کرا دی' خود علاقہ بند کر دیا۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر، شاہ صاحب please conclude now.

سید قائم علی شاہ، جناب صرف چند الفاظ کہ ہمیں گرفتار کیا گیا میرانی صاحب کے گھر سے جو کہ پہلے Defence Minister تھے۔ وہاں تو ہم ابھی اکٹھے ہوئے تھے، ابھی ہم وہاں سے تو نکلے ہی نہیں تھے۔ یہ اتنے حواس باختہ ہو گئے، اتنے اندھے ہو گئے کہ جیسے نہ کوئی سنے نہ سمجھے۔ یہ چوہدری صاحب مذاق سمجھ کر صرف ہنس رہے ہیں، میں ان کی سنجیدہ توجہ چاہتا ہوں۔ ازالہ تو نہیں چاہتا ہوں، نہ ہی اس کا ازالہ ہو سکتا ہے۔ اس کا کیا ازالہ ہو سکتا ہے؟ آپ خود وکیل ہیں، ایک منٹ کی illegal detention بھی accountable ہے ۔ ہمیں وہاں میرانی صاحب کے گھر سے گرفتار کیا گیا، تیس پینتیس گاڑیاں پولیس والوں سے بھری ہوئی وہاں آ گئیں۔ ہم سے ان کو اتنا ڈر، اتنا خوف و ہراس کہ وہ اتنی گاڑیاں لے آئے۔ ہم کو بھیڑ بکریوں کی طرح کھینچ کھینچ کر ان میں ڈالا گیا جیسے کہ ہم آدمی ہی نہیں تھے۔ جیسے کہ مال مویشی کو کھینچ کر پھینکا جاتا ہے۔ بلکہ مال مویشی بھی لوگ اچھے طریقے سے گاڑیوں میں ڈالتے ہیں، ہمیں تو ایسے پھینکا گیا جیسے سامان کو گاڑیوں میں پھینکا جاتا ہے۔

Mr. Presiding Officer: Minister for Interior now.

سید قائم علی شاہ، جناب لیکن میری بات تو ادھوری رہ گئی۔ میری رو داد تو تشنہ رہ گئی۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر، یہ دیکھیں لیں کہ ایک گھنٹہ سے اوپر ہو چکا ہے۔ آدھے گھنٹہ کی بجائے ایک گھنٹہ سے اوپر ہو چکا ہے۔ افغانستان کا مسئلہ بھی آپ نے شروع کرنا ہے۔

سید قائم علی شاہ، جناب! آپ کو وقت کا تو احترام ہے لیکن ہمارا احترام نہیں ہے، بہت ہی افسوس کی بات ہے۔ ہم تو پہلے ہی کہہ رہے تھے کہ ہم شکایت تو کرنا ہی نہیں چاہتے۔ ہم اپنی روداد سنانا چاہتے ہیں۔ اب اگر چوہدری صاحب بات کرنا

چاہتے ہیں تو ٹھیک ہے وہ کریں لیکن ہم تشنہ رہ گئے، ہم اپنی بات پوری نہیں کر سکے۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: نہیں نہیں not for the second time، اس سے related ہے۔جی پہلے زاہد خان صاحب کو سن لیں، ان کو دو منٹ بات کرنے دیں۔

جناب محمد زاہد خان: جناب چیئرمین! شکریہ۔ کل ہماری GDA کی ملتان میں ریلی تھی اور وہ سیاسی پر امن ریلی تھی۔ اس سے حکومت کو کوئی خطرہ نہیں تھا۔ پہلے انہوں نے تو اس کی اجازت دی لیکن جب ان کو پتہ چلا کہ عوام کا سیلاب آ رہا ہے جو ہمیں بہا کر لے جائے گا تو اس کے بعد انہوں نے وہاں پر پولیس بھیج دی ۔ لوگوں کو راستے میں روکا اور گرفتار کیا۔ آج بھی ہمارا ایک معمر ساتھی جو ہمارے مرکزی نائب صدر ہیں مرزا اعجاز بیگ، وہ گرفتار ہیں اور ابھی تک جیل میں ہیں۔ جناب! اس کی ستر اسی سال عمر ہے۔ ایک طرف تو یہ ٹی وی پر پراپیگنڈہ کر رہے ہیں کہ جو معمر لوگ ہیں وہ ہم سے رابطہ کریں۔ لیکن آپ کے لئے یہ شرم کی بات ہے -بدبختی ہے کہ ان کو شرم نہیں آتی ہے۔ یہ جو وزراء صاحبان بیٹھے ہیں اور ان کا جو قائد ہے وہ کہتا ہے کہ ہڑتالیں اور ریلیوں سے نقصان ہوتا ہے۔ میں ان سے پوچھتا ہوں کہ تین سال تک یہ جو ریلیاں اور ہڑتالیں کرتے تھے وہ کس capacity میں کرتے تھے۔ اس وقت ان کے لئے تو وہ صحیح تھا کہ یہ کرسکتے تھے، اس وقت تو کوئی نقصان نہیں ہو رہا تھا لیکن اب جب کوئی دوسرا کررہا ہے تو ان کو تکلیف ہو رہی ہے، یہ اس ملک کی بدبختی ہے۔

جناب والا! یہ کیا ہے کہ جب یہ ان کرسیوں پر بیٹھتے ہیں تو ان کو آزاد judiciary یاد آتی ہے، آزاد پریس یاد آتا ہے، آزاد پارلیمنٹ یاد آتی ہے۔ ہر ایک آئین یاد آتا ہے، human rights یاد آتے ہیں لیکن جب یہ ان کرسیوں سے اٹھ کر ادھر چلے جاتے ہیں تو وہ ساری چیزیں ادھر چھوڑ جاتے ہیں اور خود وہاں خالی چلے جاتے ہیں۔ جناب ان کی جو لیڈر شپ ہے، یہ جو نوکری پکی کر رہا ہے میرا دوست، ان کی میں آپ کو سیاسی ذہنیت بتانا چاہتا ہوں۔ تین سال تک ہم کوشش کرتے رہے کہ ہم

بے نظیر کا کوئی اتحادی توڑ دیں، تین سال میں یہ گواہ ہیں کہ اگر ہم نے کوئی ایک اتحادی بھی توڑا ہو ۔ یہاں یہ حال ہے کہ ان کے وہ اتحادی جو آج اپوزیشن میں بیٹھے ہیں، ایم کیو ایم والوں کو طعنہ دیتے ہیں۔ یہ وہی ایم کیو ایم والے ہیں، جن کی تم منتیں کر رہے تھے کہ کراچی میں ہمارے ساتھ ملو اور ہڑتال کرو۔ کیا بھول گئے وہ دن، آج کرسی پر بیٹھ کر تمہیں وہ دن بھول گیا۔ تم تو نکل نہیں سکتے ہو۔ آپ لوگ تو سارے بھاگ گئے تھے۔ آپ لوگوں میں تو ہمت ہی نہیں ہے۔

(مداخلت)

Mr. Presiding Officer: Order please. No cross talk. Yes.

جناب زاہد خان: آپ لوگوں میں جیلوں کی ہمت نہیں ہے اور آپ دوسروں کو مار رہے ہیں لیکن جناب میں یہ آپ کو بتاتا ہوں کہ اس وقت یہ جو حرکتیں کر رہے ہیں اس سے وہ پیپلز پارٹی جو فیڈریشن پر یقین رکھتی ہے وہ بھی کچھ دنوں کے بعد ناکام ہو جائے گی کیونکہ وہاں پر نیشلسٹ فورسز جو علیحدگی پسند ہیں وہ پراپگنڈا کر رہی ہیں۔ اس طرح یہ حکومت انارکی کی طرف اس ملک کو لے کے جا رہی ہے، تڑوانے کے چکر میں ہے ۔ یہ ہمیں ٹی وی پر دکھا دیتے ہیں کہ ہم مذاکرات کر رہے ہیں۔ یہ تو بدبختی ہے اس ملک کی کہ دعا بھی کرو ۔ اپنی کشتی جو ڈوب رہی ہے اس کو بچانے کے لیے بھی دعاؤں کا غلط استعمال کر رہے ہو۔ اب شرم کرو۔

مرزا اعجاز بیگ جیسے بوڑھے شخص کو آپ لوگوں نے گرفتار کرایا۔ آپ لوگوں نے ڈنڈوں سے مروایا۔ آپ خود ڈنڈے تو کھا نہیں سکتے تھے۔ یہی میاں نواز شریف صاحب، جب بے نظیر نے کراچی میں پابندی لگائی، خٹک صاحب بیٹھے ہوئے ہیں، تو یہ وہاں پر جا ہی نہیں سکتے تھا۔ ہم بغل میں اس کو لے گئے۔ جب کراچی ائرپورٹ پہنچ گئے تو اس نے پابندی اٹھا دی اور آپ نے وہاں لیڈرشپ کو واپس بھیج دیا۔ شرم آنی چاہیے آپ لوگوں کو۔

جناب ہمیں یہ بتایا جائے کہ آپ ان کو کب تک جیل میں رکھیں گے۔ ہم جیلوں سے ڈرتے نہیں ہیں لیکن یہ بتا دیں کہ یہ حکومت اس طرح نہیں چلے گی۔ اگر آپ عوام کے حقوق غصب کرو گے، آواز دباؤ گے، پریس کو دباؤ گے پھر آپ اسی طرح ڈوبیں گے۔

Mr. Presiding Officer: Minister for Interior now.

چوہدری شجاعت حسین: جناب والا! اگر آپ فرمائیں تو میں فرداً فرداً بھی تمام باتوں کا جواب دے سکتا ہوں لیکن میرا خیال ہے کہ وہ زبان استعمال نہ کی جائے جو زاہد خان صاحب نے کی ہے۔ بار بار ایک چیز کو دہرانا کہ شرم نہیں آتی۔ کیا یہ سینیٹر کی زبان ہونی چاہیے۔ سینیٹر ہوتے ہوئے کم از کم اس طرح کی زبان تو نہ بولا کریں۔

تین سال تک یہ ہمیں تلقین کرتے رہے ہیں کہ ریلیاں نکالیں، بے نظیر کو نکالیں، فلاں کو نکالیں، پتھر چلائیں، یہ کریں، وہ کریں۔ آج یہ اسی سینیٹ میں کھڑے ہو کے اس طرح کی دوسری باتیں کر رہے ہیں۔ ان کو یا تو ایک ہی لائحہ عمل پر رہنا چاہیے یا بالکل رہنا ہی نہیں چاہیے۔

جناب میں دوسری آپ سے گزارش کرنا چاہوں گا کہ رضا ربانی بڑے معزز ممبر ہیں۔ انہوں نے جو صدر مملکت کے متعلق ریمارکس دیے ہیں ان کو حذف کیا جائے۔ جہاں تک ہمارے کئی معزز ممبران نے واقعات کا ذکر کیا اور انہوں نے یہ بھی کہا کہ وہ Privilege Motion move کریں گے۔ آج کی بات تو ان کی تقریر ہو گی لیکن جب Privilege Motion move کریں گے ظاہر ہے کہ اس کا تفصیل کے ساتھ جواب دے دیا جائے گا لیکن بعض حضرات نے کہا ہے کہ پنجاب اور سندھ میں مختلف قانون چل رہے ہیں۔ جناب یہ بالکل غلط بات ہے۔ پنجاب میں بھی اور سندھ میں بھی ہم نے یہ فیصلہ کر رکھا تھا کہ ریلیاں نکلیں یا لیلیاں نکلیں، ان کو نکلنے دیں گے کوئی فرق

نہیں پڑتا۔ پنجاب میں جب ریلیاں نکلیں تو انہوں نے اس طرح کی حرکات نہیں کیں۔ ملتان میں تھوڑی سی کیں ۔ ہم نے اس کو کنٹرول کر لیا۔ وہاں پر سندھ میں چونکہ ان کا کوئی اثر و رسوخ نہیں تھا ۔ ہم نے بڑی مشکل کے ساتھ وہاں امن قائم کیا تھا۔ ان کو وہ امن کبھی پسند نہیں آیا۔ خاص طور پر پیپلز پارٹی کو تو کبھی امن پسند آیا ہی نہیں کہ ملک کے اندر امن قائم ہو۔

رضا ربانی صاحب نے ہمیں کہا کہ مارشل لاء کی پیداوار ہیں۔ جناب ساری دنیا کو پتہ ہے کہ سویلین مارشل لاء کی پیدوار کون ہے۔ یہ سارے سویلین مارشل لاء کی پیداوار تھے اور آج ہمیں یہ طعنے دے رہے ہیں۔ ان کو خود بھی اپنے گریبان میں جھانکنا چاہیے۔

جناب والا! سندھ میں کیوں اس قسم کے واقعات پیش آئے۔ سندھ میں ہم نے ان کو کہا تھا کہ اگر آپ نے اس طرح کا جلسہ کرنا ہے تو نشتر پارک میں کریں، بڑی بڑی اور جگہیں ہیں وہاں پر میدان ہیں وہاں پر جلسہ کریں۔ جلسہ تو ان کا ہو ہی نہیں سکتا تھا ، جلسیاں ہونی تھیں ۔ جلسیاں چوکوں میں ہوتی ہیں۔ کوئی اجازت نہیں لیتے تھے لیکن یہ تو نہیں ہوسکتا تھا کہ قانون کو بھی اپنے ہاتھ میں لیں۔ جلسے بھی کرنے کی کوشش کریں۔ ریلیاں بھی نکالنے کی کوشش کریں۔ توڑ پھوڑ بھی کرنے کی کوشش کریں ۔ تو پھر حکومت اقدامات نہ کرے۔ یہ تو پھر لازم ہے حکومت پر کہ وہ اس طرح کے اقدامات کرے۔

پنجاب میں یہ کیوں نہیں ہوا۔ اس لیے نہیں ہوا کہ پنجاب میں یہ کر نہیں سکتے تھے۔ سندھ میں یہ جان بوجھ کے کرنا چاہتے تھے صرف اس لیے کہ لوگوں کو دکھائیں کہ پنجاب اور سندھ میں یہ فرق ہے۔ حکومت پنجاب اور سندھ کو برابر سمجھتی ہے۔ یہ اس چیز کو exploit کرنے کی کوشش کر رہے ہیں کہ حکومت سندھ میں اور طریقے سے handle کر رہی ہے اور پنجاب میں اور طریقے سے handle کر رہی ہے۔

جناب والا! اس کے علاوہ انہوں نے کوئی خاطر خواہ بات نہیں کی جس کا جواب دیا جا سکے۔

Mr. Presiding Officer: Order please.

زاہد خان! اگر ہر تقریر پر running commentary ہونی ہے تو پھر یہاں پر کوئی تقریر نہیں کر سکے گا۔ یہ ضابطہ ہے، ایک قاعدہ ہے کہ ایک speaker بول رہا ہو تو اس کو سنیئے۔ جب آپ بول رہے تھے تو آپ کو آرام سے سنا گیا۔

چوہدری شجاعت حسین۔ رضوی صاحب نے جس واقعہ کا ذکر کیا ہے، جس DSP کا ذکر کیا ہے، میں انہیں یقین دلانا چاہتا ہوں کہ اگر وہ privilege motion move کریں گے تو ہم اس DSP کو بلوائیں گے، باقیوں کو بھی بلوائیں گے۔ جناب! کوئی ایسی بات نہیں کہ یہاں نہیں بلوایا گیا لیکن وہ move تو کریں۔ آج انہوں نے تقریر کر لی، اخبارات میں آ گیا، کل move کریں گے تو دوبارہ آجائے گا۔ جب privilege motion move ہو گی تو پھر اس کے مطابق اس کا فیصلہ کیا جائے گا۔

Mr. Presiding Officer: Please, no interruption.

چوہدری شجاعت حسین۔ آپ اس کو accept کریں گے تو پھر House میں آئے گا۔ House میں نہیں آیا، میرے پاس نہیں آیا۔

بہرحال! میں انہی الفاظ کے ساتھ آپ سے اجازت چاہوں گا کہ یہ تاثرات سارے House میں دینے کی کوشش کی گئی ہے۔ یہ قطعاً غیرمعقول اور غلط بات ہے کہ پنجاب اور سندھ میں کوئی فرق رکھا جا رہا ہے۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر۔ خٹک صاحب! اب افغانستان issue پر شروع کرنا ہے یا---

جناب محمد اجمل خان خٹک۔ نہیں، مجھے حق ہے کہ ادھر سے بھی کچھ کہا گیا، آپ نے بھی جواب دیا تو میں بھی اپنی رائے دوں۔

Mr. Presiding Officer: Yes, please.

جناب محمد اجمل خان خٹک۔ جناب چیئرمین! جو کچھ اس طرف سے کہا گیا ہیں اس میں مزید کچھ اضافہ نہیں کرنا چاہتا۔ میں ضروری سمجھتا ہوں کہ ملک کو جس طرف بڑھایا جا رہا ہے اس کی طرف توجہ دلاؤں۔ حکومت تمام حالات سے نہ صرف چشم پوشی کر رہی ہے بلکہ خود فریبی میں مبتلا ہے، عوام فریبی میں مبتلا ہے اور ارادتاً ملک کو خراب سے خراب تر حالات میں دھکیلنے کی طرف جا رہی ہے۔ میں جناب شجاعت صاحب کے کچھ اشاروں کا جواب دے سکتا ہوں لیکن میں اس لئے کھڑا نہیں ہوا۔ میں اس House کے ذریعے حکومت اور عوام تک ریکارڈ کے لئے یہ بات پہنچانا چاہتا ہوں کہ ملک کو کس طرف بڑھایا جا رہا ہے۔ اسی طرح جیسے ہم نے محسوس کیا کہ بنگلہ دیش کس طرف جا رہا ہے تو ہمارا leader ہسپتال چھوڑ کر ڈھاکہ پہنچ گیا۔ انہوں نے مجیب سے کہا اور حکومت سے کہا کہ خدا کے لئے ملک کی کشتی کو ڈبویا جا رہا ہے، اس کو بچاؤ۔ میں اس جذبے، اس ارادے اور اپنے leader کی تقلید میں اور حالات کے پیش نظر کچھ کہنا چاہتا ہوں۔

جناب ایک نکتہ تو یہ ہے کہ آنکھیں کھولیں، دیکھیں کہ ملک میں کیا ہو رہا ہے، حقیقت کیا ہے، میدانی، زمینی حالات کیا ہیں۔ دوسری بات یہ ہے کہ دور کی شہنائیوں پہ نہ ناچیں۔ میرا اشارہ آپ سمجھ گئے ہوں گے، باہر سے ذرا سی خبر آتی ہے تو یہ مست ہو جاتے ہیں۔ یہ عمل ان کو ایک گہرے گڑھے میں پھینکے گا اور ہم اس بات پر بھی خفا ہوں گے کہ یہ گڑھے میں پھینکے جائیں۔ لیکن دوسری طرف ملک کو بھی تباہی کی طرف بڑھایا جا رہا ہے۔

جناب چیئرمین! رضا ربانی صاحب، رضوی صاحب، چانڈیو صاحب، تاج حیدر صاحب، قائم علی شاہ اور زاہد خان نے جو کچھ کہا اس کو تقریر نہ سمجھیں، الفاظ نہ سمجھیں۔ اسے ٹائم بم کی ٹک ٹک کی آواز سمجھیں جس ٹائم بم کا پن اس حکومت نے نکالا ہے۔

اگر معاملہ اسی طرح رہا تو خدانخواستہ ہم نہیں چاہتے'--- اگر اسی طرح ان کا عمل رہا
خطرناک دھماکہ-----' خدا نہ کرے' اس ملک میں ہونے والا ہے۔ اس کی تمام تر ذ
داری اس حکومت پر ہو گی۔

جناب چیئرمین! سندھ پر مسلح جیر کا جو دھاوا بولا گیا ہے ' جس کا ذکر ک
گیا وہ تو ہے ہی -

جناب محمد رفیق رجوانہ۔ جناب والا! کورم نہیں ہے -

Mr. Presiding Officer: Let there be a count.

جناب محمد اجمل خان خٹک۔ اس کا یہ اشارہ ہے کہ بھاگ گئے اور انشاء ا
بھاگیں گے۔ میں بولتا رہوں گا۔

Mr. Presiding Officer:Khattak Sahib, there is no quorum. Bells
rung for 5 minutes.

آپ کی تقریر proceedings کا حصہ نہیں بن سکے گی۔

(گھنٹیاں بجائی گئیں)۔

Mr. Presiding Officer: The House is still not in quorum. It is
journed for tomorrow to meet at 10.00 a.m.

[The House then adjourned to meet again on Friday, October 01, 1999 at 10 of the clock in the morning.]